# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت ہشتم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کا نام۔کنول |
| نظم کا نام: حمد | صفحہ نمبر ۱ تا ۳ | پہلی سہ ماہی |

## یونٹ نمبر:1



**حمد کی تعریف:** جس نظم میں اللہ کی تعریف کی جائے حمد کہلاتی ہے۔

## مشق

**سوال نمبر 1 :** مشکل الفاظ کے معنی لکھیں۔

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| اول | پہلا | باطن | چھپا ہوا |
| ظاہر | سامنے | فاخر | فخر کرنے والا |
| ناظر | دیکھنے والا | مسلم | تسلیم شدہ |
| جاودانی | ہمیشہ رہنے والا | مبرا | پاک |
| انفس | نفس کی جمع | اطلاق | عمل کرنا |

سوال نمبر3: درج ذیل الفاظ کے ہم قافیہ الفاظ لکھیں۔

1. آخر ۔ باہر ۔ ظاہر - طاہر
2. حکمرانی۔ نورانی ۔ جاودانی ۔ فانی
3. نور ۔ منظور ۔ شکور ۔ شعور

سوال نمبر 4 : متضاد الفاظ تحریر کریں۔

| الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد |
|---|---|---|---|
| اول | آخر | زمین | آسمان |
| ظاہر | باطن | منظور | نامنظور |

سوال نمبر 5 : جملے بنائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| خدایا | خدایا! میرے مسلمان بھائیوں پر رحم فرما |
| اول | اللہ کی ذات اول بھی ہے اور آخر بھی |
| عقل | ہمیں غصے کے وقت عقل سے کام لینا چاہیے- |
| حکمرانی | زمین و آسمان پر صرف اللہ ہی کی حکمرانی ہے- |
| منظور | اللہ تعالیٰ ہی ہماری دعا کو قبول و منظور کرنے والا ہے۔ |

سوال نمبر 6: تشریح کریں۔

1. زمین و آسماں کا نور ہے تو

مگر خود ناظر و منظور ہے تو

تشریح: اس شعر میں شاعر اسماعیل میرٹھی اللہ کی عظمت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اللہ تیرا ہی نور زمین و آسمان پر ہے۔ تو ہر جگہ موجود ہے اور ہر جگہ تیرے ہی جلوے نظر آتے ہیں جو تیرے ناظر اور منظور ہونے کی گواہی دیتے ہیں۔ تو ہی دیکھنے والا ہے اور ہماری دعاؤں کو قبول کرنے والا ہے۔

2. وہ اول تو کہ ہے آخر سے آخر

وہ آخر تو کہ ہے اول سے فاخر

تشریح: اس شعر میں شاعر اسماعیل میرٹھی اللہ کی شان و شوکت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اللہ کی ذات ہمیشہ سے قائم و دائم ہے اور ہمیشہ رہے گی۔ وہ تب بھی موجود تھا جب کائنات موجود نہ تھی اور اس وقت تک موجود رہے گا جب دنیا فنا ہو جائے گی۔ اللہ کی ذات اول سے ہے اور آخر تک رہے گی۔ شاعر لکھتے ہیں کہ اللہ کی ذات پاک ہے جو قابل فخر ہے۔

3. مسلم ہے تجھی کو حکمرانی

کہ تیری سلطنت ہے جاودانی

تشریح: اس شعر میں شاعر اسماعیل میرٹھی لکھتے ہیں کہ اللہ کی بادشاہت تسلیم شدہ ہے وہ اکیلا ہی پوری کائنات کا حاکم اعلیٰ ہے۔ وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ قائم و دائم رہے گا۔ اس کائنات کی ہر شے کو زوال ہے سوائے اللہ کی ذات پاک کے جو ہمیشہ باقی رہنے والی ہے یعنی غیر فانی ہے۔

# گھر کا کام

## سوال نمبر 2:

نظم پڑھنے کے بعد سوال نمبر 2 اپنی کتاب پر حل کریں ۔

## سوال نمبر 3:

حمد کا خلاصہ لکھیں۔

# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ءتا2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت ہشتم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کا نام۔کنول |
| نظم کا نام: حمد | صفحہ نمبر ۱تا۳ | پہلی سہ ماہی |

## سرگرمی نمبر: 1

حمد میں اللہ تعالیٰ کی جو صفات بیان کی گئی ہیں انھیں تحریر کریں۔

مرتب کردہ:

مس مریم ڈار　　مس یاسمین

